# ایچ ایس ای گیس سیفٹی ایڈوائز لائن

(ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو کی جانب سے گیس کی حفاظت کی مشاورتی ٹیلی فون لائن)

**0800 300 363**

صرف انگریزی زبان میں

## مسئلہ

ہر سال تقریباً 30 افراد گیس کے ایسے آلات اور ایسے فلوز (flues دودکشوں) سے پیدا ہونے والی کاربن مونو آکسائیڈ کی زہریت سے ہلاک ہو جاتے ہیں جن کو ٹھیک طریقہ سے نہیں لگایا جاتا یا جنہیں ٹھیک حالت میں نہیں رکھا جاتا۔ اس سے بہت سے لوگوں کی صحت بھی خراب ہو جاتی ہے۔ دوسرے ایندھنوں جیسے کوئلہ، لکڑی یا تیل کی طرح جب گیس پوری طرح نہ جلے تو معمول سے زیادہ کاربن مونو آکسائیڈ پیدا ہوتی ہے جو زہریلی ہوتی ہے۔


آپ اسے دیکھ نہیں سکتے۔ آپ اسے چکھ نہیں سکتے آپ اسے سونگھ بھی نہیں سکتے لیکن کاربن مونو آکسائیڈ بغیر وارننگ دیئے محض چند گھنٹوں میں جان لے سکتی ہے۔

جب آپ سو رہے ہوتے ہیں تو آپ اس وقت خاص طور پر خطرے کی زد میں ہوتے ہیں کیونکہ اس وقت آپ کاربن مونو آکسائیڈ کی زہریت کی ابتدائی نشانیوں کو پہچان نہیں سکتے۔ ان میں سے یہ علامتیں شامل ہیں: تھکاوٹ، غنودگی، سر درد، متلی چھاتی اور پیٹ میں درد یہ علامتیں بہت سی عام بیماریوں سے مشابہ ہو سکتی ہیں اور انہیں آسانی سے غلط طور پر فلو یا عام تھکاوٹ سمجھا جا سکتا ہے۔

اگر آپ یا آپ کے خاندان کو اُوپر دی گئی علامات محسوس ہوں اور آپ سمجھتے ہوں کہ کاربن مونو آکسائیڈ کا ہاتھ ہو سکتا ہے **تو آپ پر لازم ہے کہ فوری طور پر طبی مشورہ حاصل کریں۔** آپ کے ڈاکٹر کو خون یا سانس کے نمونے کا ٹیسٹ کرنا پڑے گا۔ کاربن مونو آکسائیڈ خون سے بڑی تیزی سے نکل جاتی ہے **اور اگر کاربن مونو آکسائیڈ سے متاثر ہونے کے بعد چار گھنٹے سے زیادہ مدت گزر جائے تو ٹیسٹ غیر درست ثابت ہو سکتے ہیں۔**

آپ کاربن مونو آکسائیڈ کی زہریت کی زد میں ہیں اگر:

- آپ کا آلہ ٹھیک طریقے سے نصب نہیں کیا گیا تھا؛
- آپ کا آلہ ٹھیک کام نہیں کر رہا؛
- حفاظت یا ٹھیک حالت میں رکھنے کے تقاضوں کے لئے آپ کے آلہ کی باقاعدگی سے چیکنگ نہیں کی گئی؛
- کمرے میں خاطر خواہ تازہ ہوا نہیں ہے؛
- آپ کی چمنی یا فلو بند ہو گئی ہے؛
- آپ اپنے آلہ (آلات) کو نصب کرنے یا ان کو ٹھیک حالت میں رکھنے کے کام کے لئے ایسے انجینئر کی خدمات لیتے ہیں جو کورگی کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہیں (یعنی non-CORGI-registered engineers ہیں)




گیس کا محفوظ آلہ

اگر آپ کسی ایسے کمرے میں سوتے ہیں جہاں کوئی آلہ، جو کمرہ بند قسم (روم سیلڈ ٹائپ- room-sealed type جیسے روایتی یا کنونشنل گیس فائر) نہیں ہے رات کو جلنے دیا جاتا ہے تو آپ خاص طور پر خطرے کی زد میں ہوں گے۔

(روم سیلڈ آلات کے لئے فلو کے نکاس (فلو آؤٹ لیٹ) عام طور پر بجائے چھت کے لیول پر یا چھت سے اُوپر کے لیول کے بیرونی دیوار پر نیچے کے لیول پر ہوتے ہیں جہاں انہیں پنجرے (کیج) میں محفوظ کیا جاتا ہے)

## جوابات


اگر آپ سمجھتے ہیں کہ گیس کا کوئی آلہ ٹھیک کام نہیں کر رہا ہے تو اسے **کبھی استعمال میں نہ لائیے**۔ جن علامات کا خیال رکھنا چاہیئے ان میں پیلے یا نارنجی شعلے (ماسوائے ایندھن کا تاثر دینے والے آتش دان جو اس رنگ کے شعلے کی نمائش کرتے ہیں) کے ارد گرد کالک یا دھبے اور بار بار بجھ جانے والی پائلٹ لائٹیں شامل ہیں۔

آلے کو **کبھی نہ** ڈھانپیئے اور نہ ہی کبھی کنویکشن ایئر وینٹس (لہردار ہوا کے نکاسوں) کا راستہ بند کیجیئے۔

ایک جگہ نصب وینٹی لیشن گرلز (ہوا کے نکاس کی جالیوں یا جنگلوں) یا ائیر برکس (ہوا کے نکاس کے لئے دیوار وغیرہ میں لگائی گئی سوراخ دار اینٹوں) کے ہوا کے نکاس کو **کبھی بند نہ** کیجیئے اور نہ **کبھی** ان کے راستے میں رکاوٹ ڈالیئے۔

بیرونی فلوز کا راستہ **کبھی نہ** روکیئے اور نہ ہی ان کو کبھی ڈھانپیئے۔

**انتباہ:** جس کمرے میں گیس کا آلہ ہو جب بھی ڈرافٹ ایکسکلوژن (ہوا کے جھونکے کو باہر رکھنے کا انتظام)، سیلنگ یا ایکسٹریکشن فین (چھت کے یا ہوا خارج کرنے کے




گیس کا خطرناک آلہ

پنکھے)، ڈبل گلیزنگ یا کنزرویٹری ایکسٹینشن لگائے جائیں، اس کے بعد اس آلے کی حفاظت کے لحاظ سے چیکنگ کر لینا چاہیئے۔

**گیس کے تمام صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ آلات کی حفاظت کی غرض سے ان کی کم از کم ہر 12 مہینے بعد کورگی کے ساتھ رجسٹرڈ انسٹالر سے چیکنگ کروالیا کریں۔**

**ہو سکتا ہے کہ آپ مفت حفاظتی چیکنگ کے حقدار ہوں**

اگر آپ 60 سے اُوپر، دائمی مریض، معذور، بہرے یا سماعت کے نقص میں مبتلا، نابینا یا نظر کے نقص میں مبتلا ہیں تو آپ اپنے سپلائر کے پرائیارٹی سروس رجسٹر (ترجیحی بنیاد پر سروس رجسٹر) پر درج ہونے کا حق رکھتے ہیں۔

اس میں شریک ہونا مفت ہے اور اگر آپ اس کے رکن بن جائیں تو آپ کو اور چیزوں کے علاوہ مفت سالانہ گیس سیفٹی چیک کا حق ہے۔ (ماسوائے اس صورت کے کہ جب آپ کرایے کی رہائش میں رہتے ہیں جہاں یہ آپ کے لینڈ لارڈ کا فرض ہے کہ یقینی بنائے کہ چیکنگ کی جاتی ہے)۔ مزید معلومات کے لئے اپنے گیس بل کی پشت پر نظر ڈالیئے۔

**کاربن مونو آکسائیڈ الارم**، حفاظتی پیش بندی کے لئے مفید امدادی ذریعہ ہیں۔ لیکن یہ **ہرگز نہیں** سمجھنا چاہیئے کہ یہ کورگی رجسٹرڈ انسٹالر کی جانب سے گیس کے سامان کی ٹھیک تنصیب اور انہیں ٹھیک حالت میں رکھنے کا متبادل ہیں۔ اگر آپ کاربن مونو آکسائیڈ الارم خریدنے کا فیصلہ کریں تو یقینی بنایئے کہ وہ موجودہ سیفٹی سٹینڈرڈ پر (حفاظتی معیاروں، یعنی BS 7860 یا BS EN 50291) پورا اُترتا ہے اور اس کے اُوپر کائٹ مارک (Kitemark) بنا ہوا ہے۔ اگر شک ہو تو مشورے کے لئے اسٹاف کے کسی رکن سے پوچھیئے۔ ہمیشہ کارخانہ دار کی سائٹنگ انسٹرکشنز (ہدایات کہ کہاں لگایا جائے) کی پابندی کریں۔

اگر آپ کو گیس کی بو آئے یا شبہ ہو کہ گیس نکل رہی ہے تو آپ کو فوراً یہ کارروائی کرنا چاہیئے:

- سب دروازے اور کھڑکیاں کھول دیں۔
- (اگر پتہ ہے کہ میٹر کنٹرول والو کہاں ہے تو) میٹر کنٹرول والو پر گیس کی سپلائی بند کر دیں۔ اگر گیس پھر بھی نکلتی رہے تو **گیس ایمرجنسی فری فون نمبر** 0800 111 999 پر **ٹرانسکو** (Transco) **کو فون کریں**۔
- اگر مونو آکسائیڈ نکلنے کا شبہ ہو تو اُوپر دیئے گئے طریقہ کار پر عمل کریں، سوائے اس کے کہ جب آپ کسی مخصوص ناقص آلے کا پتہ چلا لیتے ہیں۔ اس صورت میں آپ کو کسی کورگی رجسٹرڈ انسٹالر سے مشورہ کرنا چاہیئے جو اس کی پڑتال اور مرمت کرے۔

## قانون

گیس سیفٹی (انسٹالیشن اینڈ یوز) ریگولیشنز 1998 {Regulation 1998 (Installation and Use) گیس کی حفاظت (تنصیب اور استعمال) کے ضوابط 1998} کے تحت، گیس کے صارفین، انسٹالروں، سپلائروں اور لینڈ لارڈوں پر فرائض عائد ہوتے ہیں۔ یہ ضابطے ایندھن جلانے والے سامان پر دوسرے حفاظتی کنٹرولوں، جیسے بلڈنگ ریگولیشنز، کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں جو گیس کے نکاس اور فلوز کے لئے معیار ہیں۔ اپنی سلامتی کی خاطر یاد رکھیئے کہ:

- قانون کے تحت، جو شخص بھی اپنے کاروبار کے حصے کے طور پر گیس کے آلات یا فٹنگز پر کام کرتا ہے اس کا کورگی 'دی کونسل فار رجسٹرڈ گیس انسٹالر' (The Council for Registered Gas Installers) کے پاس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ ہمیشہ پتہ کریں کہ آپ کا انسٹالر رجسٹرڈ ہے اس سے پوچھیئے کہ وہ اپنا رواں کورگی فوٹو آئی ڈی کارڈ دکھائے، جس پر انسٹالر کی تصویر، اس کا کورگی رجسٹریشن نمبر اس کا ٹریڈنگ ٹائٹل (کاروباری نام اور حیثیت) اور کارڈ کے ختم ہونے کی تاریخ درج ہوتی ہے۔ کارڈ کے پچھلی طرف تفصیل ہوتی ہے کہ انسٹالر گیس کا کس قسم کا کام کر سکتا ہے۔ آپ چاہیں تو عام دفتری اوقاتِ کار میں کورگی کو 01256 372300 پر فون کر سکتے ہیں یا کورگی کی ویب سائٹ واقع www.corgi.gas.com پر لاگ آن کر سکتے ہیں؛

# ایچ ایس ای گیس سیفٹی ایڈوائز لائن

〈ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو کی جانب سے گیس کی حفاظت کی مشاورتی ٹیلی فون لائن〉

**0800 300 363**

صرف انگریزی زبان میں

- قانون کے تحت آپ پر لازم ہے کہ گیس کے کسی آلہ یا فٹنگ کو استعمال نہ کریں جس کے بارے میں آپ جانتے ہیں یا آپ کو شبہ ہے کہ غیر محفوظ ہے کورگی کی معرفت ایچ ایس ای (ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو) نے تمام رجسٹرڈ انسٹالروں سے کہہ رکھا ہے کہ اگر گیس کا کوئی آلہ یا فٹنگ اتنا خطرناک ہو کہ اگر استعمال کیا جائے تو زندگی کے لئے خطرہ ہو سکتا ہے تو اسے منقطع (ڈس کنیکٹ) کر دیں- اگر آپ کا انسٹالر آپ سے اس طرح کے آلے یا فٹنگ کو منقطع کرنے کی اجازت مانگے تو یہ آپ کی اپنی سلامتی اور دوسرں کی سلامتی کے مفاد میں ہوگا کہ آپ اس پر اتفاق کریں- اس آلہ یا فٹنگ کو دوبارہ استعمال کرنے سے پہلے کورگی انسٹالر سے اس کی مرمت کروالیں؛

- قانون کے تحت لینڈ لارڈ عام طور پر ذمہ دار ہوتے ہیں کہ یقینی بنائیں کہ گیس کی فٹنگز اور فلوز اچھی حالت میں رکھی جاتی ہیں اور گیس کے آلات اور فلوز کی 12 مہینے میں ایک بار حفاظتی نقطۂ نظر سے چیکنگ کی جاتی ہے اُن پر بھی یہ لازمی ہے کہ حفاظتی پڑتال کا ریکارڈ کم از کم دو سال تک رکھیں اور موجودہ کرایہ دار کو اور نئے کرایہ دار کو اس میں منتقل ہونے سے پہلے تازہ ترین سرٹیفکیٹ جاری کریں اگر آپ آلے کے مالک ہیں تو آپ اس کو ٹھیک حالت میں رکھنے اور اس کی حفاظتی چیکنگ کے ذمہ دار ہیں؛

- قانون کے تحت، سونے کے ٹھکانوں میں، گیس کے آلات جیسے فائر اور بوائلر ہیٹر کے نصب کرنے کی پابندیاں ہیں- یہ پابندیاں صرف ان آلات پر لاگو ہوتی ہیں جو یکم جنوری 1996 کے بعد لگائے گئے تھے- ان آلات پر بھی جو کرایے کی رہائش میں ایسے کمروں میں لگائے گئے ہیں جو 31 اکتوبر 1998 کے بعد بیڈ روموں میں بدلے گئے ہیں- وہ آلات جو روم سیلڈ نہیں ہیں، جیسے 14 کلوواٹس سے کم یا روایتی گیس فائریں، وہ صرف اس صورت میں لگائے جا سکتے ہیں کہ ان میں ایسا پرزہ ہے جو دھوئیں کے خطرناک سطح پر پہنچنے سے پہلے گیس کی سپلائی از خود بند کر دیتا ہے تاہم 14 کلوواٹس سے اُوپر کے آلات کے لئے اس طرح کی رہائش میں صرف روم سیلڈ ٹائپ آلات ہی کی اجازت دی جاتی ہے؛

- قانون کے تحت 31 اکتوبر 1998 سے کسی کمرے میں ایسے انسٹا ٹینیس واٹر ہیٹر (فوری طور پر پانی گرم کرنے والے ہیٹروں) کا نصب کرنا غیر قانونی بنا دیا گیا ہے جو روم سیلڈ نہیں ہیں یا جن میں وہ حفاظتی پرزہ نہیں لگا ہوا ہے جو زہریلے دھوئیں کے خطرناک سطح پر پہنچنے سے پہلے گیس سپلائی از خود بند کر دیتا ہے-

- قانون کے تحت گیس کے بڑے ٹرانسپوٹروں/ مین پایپوں کے ذریعہ گیس منتقل کرنے والوں/ ناگہانی صورت میں سروس مہیا کرنے والوں (ای ایس پی) پر لازم ہے کہ ناگہانی صورتِ حال کو ہر طرح محفوظ بنائیں انہیں چاہیئے کہ 12 گھنٹے کے اندر گیس خارج ہونے کی جگہ کا پتہ چلائیں اور گیس کے اخراج کو بند کرنے کی کارروائی کریں- کاربن مونو آکسائیڈ کے یقینی اخراج یا اخراج کے شبہ کی صورت میں انہیں چاہیئے کہ صارفین کی اطلاع پر توجہ دیں اور حالات کو محفوظ بنائیں

## مزیدِ مطالہ

اگر آپ اس موضوع پر زیادہ تفصیلی معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ ایچ ایس ای کی مندرجہ ذیل کتاب کو مفید پائیں گے:

Safety in the installation and use of gas systems and appliances. Gas safety (Installation and Use) Regulations 1998. Approved code of practice and guidance L56 (Second edition)
HSE Books 1998 ISBN
017176 1635 5

ڈپٹی پرائم منسٹر کے دفتر نے مندرجہ ذیل لیف لیٹ تیار کیا ہے:

Danger; Carbon monoxide poisoning. Solid fuel, wood and oil burning appliances. Get them checked, sweep your chimneys and be safe 1999.

{ڈینجر: کاربن مونو آکسائیڈ پوائزننگ - سالڈ فیوئل، ووڈ اینڈ آئل برننگ اپلائنسز، گیٹ دیم، چیکڈ، سویپ یور چمنیز اینڈ بی سیف} 1999

مندرجہ ذیل سے دستیاب ہیں: فری لٹریچر سروس

Free Literature Service, PO Box 236, Wetherby,
West Yorkshire LS23 7NB

ٹیلی فون: 0870 1226 236 فیکس: 0870 1226 237

ٹیکسٹ فون: 0870 1207 405 یا اسے مندرجہ ذیل سے ڈاون لوڈ کیجئے:

www.safety.odpm.gov.uk/bregs/br19.htm

## مزیدِ معلومات

ایچ ایس ای کی قیمتاً اور مفت مطبوعات مندرجہ ذیل سے دستیاب ہیں

HSE Books, PO Box 1999
Sudbury, Suffolk CO10 2WA

ٹیلی فون: 01787 881 165 فیکس: 01787 313995

ویب سائٹ: www.hsebooks.co.uk

ایچ ایس ای: کی قیمتاً مطبوعات بک شاپوں سے بھی دستیاب ہیں- مفت لیف لیٹ ایچ ایس ای کے ویب سائٹ واقع www.hse.gov.uk سے بھی ڈاون لوڈ کیے جا سکتے ہیں-

برٹش سٹینڈرڈ مندرجہ ذیل سے دستیاب ہیں، بی ایس آئی کسٹمر سروسز

BSI Cumtomer Services, 389 chiswick High Road, London
W4 4AL

ٹیلی فون: 020 8996 9001 فیکس: 020 8996 7001

ویب سائٹ: www.bsi-global.com

صحت اور حفاظت کے بارے میں معلومات کے لئے ایچ ایس ای انفولائن کو فون کیجئے-

ٹیلی فون: 08701 545500 فیکس: 92920 859260

ای میل: hseinformationservices@natbrit.com

یا اس پتے پر لکھیئے: ایچ ایس ای انفارمیشن سروسز

HSE Information Services,
Caerphilly Business Park, Caerphilly CF83 3GG.

ایچ ایس ای کا گیس سیفٹی ویب سائٹ

www.hse.gov.uk/gas/index.htm

**ایچ ایس ای گیس سیفٹی ایڈوائز لائن**

**0800 300 363**

یہ رہنمائی ہیلتھ اینڈ سیفٹی نے جاری کی ہے- اس رہنمائی کی پابندی کرنا لازمی نہیں ہے اور آپ چاہیں تو کوئی اور اقدام کر سکتے ہیں- لیکن اگر آپ رہنمائی کی پابندی کریں گے تو عمومی طور پر آپ اتنا کچھ کر رہے ہوں گے جو قانون کی تعمیل کرنے کے لئے کافی ہوگا- ہیلتھ اینڈ سیفٹی انسپکٹر قانون کی تعمیل کرانے پر مامور ہوتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ وہ اس رہنمائی کو اچھے طریقہ کار کی مثال کے طور پر پیش کریں-

© کاپی رائٹ - یہ کتابچہ ماسوائے اشتہاری نقول مہیا کرنے یا تجارتی مقاصد کے، آزادانہ دوبارہ پیش کیا جا سکتا ہے-

اشاعت اول 10/02 - برائے کرم ماخذ کے طور پر ایچ ایس ای (HSE) کا حوالہ دیجئے-

INDG285 (REV1) 10/02 C3000

ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو نے طبع اور شائع کیا ہے-

ترمیم شدہ 2002 ایڈیشن

HSE
Health & Safety Executive

# گیس کے آلات

## ان کی چیکنگ کرائیے انہیں محفوظ حالت میں رکھیئے

اس لیف لیٹ میں اہم نئی معلومات دی گئی ہیں
مہربانی کر کے اسے پڑھیے
اس سے آپ کی زندگی بچ سکتی ہے



**ایچ ایس ای گیس سیفٹی ایڈوائز لائن**

**0800 300 363**